मन्जुरी अतवाप सलामी नी वास्ते रहीसान् व ...

मआजमे दाम अकबाल होने मन्जुरी फ़रमाई

१ महाराज नेपाल २१ २ अमीर काबुल २१ ३ सुलतान मसकत २१

४ सुलतान रन्वहार २१ ५ नवाब दख्खन २१ (हेदराबाद) ६ महाराज बडोदे २१

७ महाराज मैसुर २१ ८ महाराज ग्वालियर १९ ९ महाराज ईंदौर १९

१० बेगम भोपाल १९ ११ महाराणा उदयपुर १९ १२ महाराज जंबू १९

१३ खांन किलात १९ १४ महाराज त्रिवांकोडु १९ १५ राजा कोलापुर १९

१६ नवाब मषसुदा १९ (बोहनजाम बंगाल) १७ महाराज जयपुर १७ १८ महाराज जोधपुर १७

१९ महाराज पटियाला १७ २० महाराव कोटा १७ २१ महाराज रेवाँ १७

२२ राव कछ १७ २३ राजा कोचीन १७ २४ महाराजा बीकानेर १...

२५ नवाब बहावलपुर १७। २६ राव राजा बुंदी १७। २७ महाराज करोली १७

२८ महाराज भरतपुर १७। २९ नवाब टोंक १७। ३० देव राजा भुटान १५

३१ महाराज सिकम १५। ३२ महाराज ओरछा १५ ३३ महाराज कसनगढ़ ...

(टिहरी)

३४ राव राजा अलवर १५। ३५ राणा धोलपुर १५। ३६ रावल जेसलमेर ...

३७ राजराणा झालावड़ १५। ३८ राव परतापगढ १५। ३९ राजा धार १५

४० दो सिरदार देवास १५। ४१ महाराज दुतिया १५। ४२ रावल बांसवा...

४३ महाराज ईडर १५। ४४ मीर अलीमरदांन षां १५ (खेरपुर)। ४५ राव सिरोही १...

४६ रावल डूंगरपुर १५ ४७ नवाब रामपुर १३। ४८ नवाब जावरा १...

४९ राजा कुंजबहार १३। ५० राजा पडह १३। ५१ महाराज बणारस १३

...नानात ५६ राजाकपूरथला ५७ राजासमथर

५८ राजनागढ ॥ ५७ जामनवानंगर ॥ ५८ नवाकजैनगरै

५९ राजारतलाम ॥ ६० महाराजपटना ॥ ६१ महाराजचरवाड़ी

६२ बिजावरराजा ॥ ६३ राजाछतरपुर ॥ ६४ राजामंडी ॥

६५ दीवानपालनपुर ॥ ६६ राजाराजपाल ॥ ६७ नवाबजंजुरे

६८ राजापुरबंदर ॥ ६९ राजधरांगद्रा ॥ ७० राजात्रिजंगढा

७१ नवाबकेमबो ॥ ७२ राजासलाना ॥ ७३ राजासीतामऊ

७४ रावतराजगढ ॥ ७५ राजानरसिंहगढ ॥ ७६ राजाबबौ

७७ राजाचंबा ॥ ७८ नवाबवजानी ॥ ७९ राजासमोरना हुनै

८० राजासुकेत ॥ ८१ राजाफरीदकोट ॥ ८२ राजाकोलूर ॥

८३ सरसावंतवाड़ी ९ । ८४ नवाबमालैरकोटला ९

८५ राजाभोडछेदेपुर ९ । ८६ राजाबरयार ९ । ८७ राजाबर वानी

८८ राजानगोदृ ९ । ८९ राजाअलीराजपुर ९ । ९० राजानृसो नोडा

९१ नवाबबावीबलासरी ९

इनकेसलामीउसैले ... तक

وجه ختم بر خاتمه

برای سند این معنی که کتاب هذا مطبوع مطبع نظامی ست مهر
و دستخط مهتمم کرده شد

العبد

محمد روشن خان حنفی
محمد عبد الرحمن خان

مهربان من سلامت

مصرع [illegible]	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
وزیدن	بیچ باغ دوستی تمهاری کے ایسی ہوا خوشی کی	چلی	اور چلی ہے	که کسی باغ مین ایسی نه چلی تھی	نه کبھی چلتی تھی	نه چلیگی	نه چلتی ہے
ورزیدن	اور میرے دل نے پہونچنا اوس جگہہ تکا ایسا	قبول کیا	اور قبول کیا ہے	که کسی نے ایسا نه قبول کیا تھا	نه کوئی ایسا قبول کرتا تھا	نه قبول کریگا	نه قبول کرتا ہے

مشفق من سلامت

مصرع [illegible]	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
هراسیدن	دل میرا جدائی تمهاری سے ایسا	ہراسان ہوا	اور ہراسان ہوا ہے	که کوئی ایسا ہراسان نہوا تھا	نه ہراسان ہوتا تھا	نه ہراسان ہوگا	نه ہراسان ہوتا ہے

مهربان من سلامت

مصرع [illegible]	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
یافتن	دل میرے نے بیچ محبت تمهاری کے زندگی ہمیشه کی	پائی	اور پائی ہے	که کبھی کسی نے ایسی نه پائی تھی	نه کوئی پاتا تھا	نه پائیگا	نه پاتا ہے

تمت

خاتمة الطبع

بفضل موفق حقیقی حسب اشارت بابشارت جناب مستطاب معلی القاب ملاذ اہل کمال جناب محمد جمال الدین خانصاحب بہادر مدار المہام رئیسه بہوپال ادام اللہ اقبالہا بالشوکة والاجلال رساله نافعه نو آموزان عجالۂ مفیدۂ مبتدیان باہتمام امیدوار مغفرت خدای منان محمد عبد الرحمن بن حاجی محمد روشن خان در مطبع نظامی کانپور بتاریخ بست و پنجم شهر ربیع الآخر سنه ۱۲۸۱ ہجری از قالب طبع برآمده مطبوع طبائع شد

نلکھتا ہے	نلکھیگا	نکوئی لکھتا تھا	کہ کسی نے ایسا نلکھا تھا	اورلکھا ہے	لکھا	
نہ دکھلاتا ہے	نہ دکھلائیگا	نہ کوئی کبھی دکھلاتا تھا	کہ کسی نے ایسا نہ دکھلایا تھا	اوردکھلایا ہے	دکھلایا	...یرا
نکرتا ہے	نکریگا	نکوئی ایسا کرتا تھا	نکیا تھا	اورنکیا ہے	نکیا	...نے ملاحظہ
نہ نالہ کرتا ہے	نہ نالہ کریگا	نکوئی ایسا نالہ کرتا تھا	کہ کسی نے ایسا نالہ نکیا تھا	اورنالہ کرتا ہے	نالہ کیا	دل میرے نے
ندیکھتا ہے	ندیکھیگا	نکوئی کبھی دیکھتا تھا	کہ کسی نے ایسا نہ دیکھا تھا	اوردیکھا ہے	دیکھا	...ن مونہہ اس رنج کا
نہ بیٹھتا ہے	نہ بیٹھیگا	نہ بیٹھتا تھا	نہ بیٹھا تھا	نہ بیٹھا ہے	نہ بیٹھا	...ایک دم ساتھ آرام کے
اور نوازتا ہے	اور نوازیگا	اورکوئی کیون نوازتا تھا	اورنہ نوازا تھا	اورنہ نوازا ہے	نہ نوازا	لیکن افسوس کہ تمنے تحریر خط سے
نلکھ...	نلکھیگا	نہ کوئی ایسی لکھتا تھا	کسی نے ایسی نہ لکھی تھی	اورلکھی ہے	لکھی	حالانکہ مینے کسقدر لجاجت اور سماجت
نہ بجا...	نہ بجائیگا	نہ کوئی کبھی بجاتا تھا	کہ کسی نے ایسا نہ بجایا تھا	اوربجایا ہے	بجایا	غرض کہ تمنے نقارہ بیمروتی کا ایسا
ن...	نہ نازکریگا	نہ کوئی کبھی ناز کرتا تھا	کہ کسی نے ایسا نازنکیا تھا	اورنازکیا ہے	نازکیا	اطرفہ یہ کہ تمنے اس نلکھنے خط سے ایسا

نہ ملتا ہے	نہ ملیگا	نہ کوئی کبھی ملتا تھا	کہ کسی نے ایسا نہ ملا تھا	اورملاہے
نہ مرتا ہے	نہ مریگا	نہ کوئی کبھی مرتا تھا	کہ کوئی ایسا نہ مرا تھا	اورمراہے
نچوستا ہے	نچوسیگا	نہ کوئی کبھی چوستا تھا	کہ کسی نے ایسی نہ چوسی تھی	اورچوسی ہے

مصدر

...تن	اور تیھر سے
...ویدن	اور بڑا خال
...وشیدن	اور بیچ بیچ
کشتن	خلاصہ یہ
کشادن	اور ہا
کاہیدن	اور ا

گریستن

گنجیدن

...ختن

نازیدن

مصادر فارسی	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی تمنائی	مستقبل	حال
گزیدن	تمہاری محبت کو میرے دل نے لیا	قبول کیا	اور قبول کیا ہے	کہ کسی نے قبول چیز آپکی قبول کی	[illegible] قبول	مستقبل	حال
گزیدن	بغیر تمہارے گھر بن نے زبان میری کو لیا	کاٹا	اور کاٹا ہے	کہ کسی نے لیا نہ کاٹا تھا	نہ کوئی کاٹتا ہی تھی	چابیگی	نہ چابی ہے
گذاشتن	کہ جان میری نے گھر بدن میرے کا	چھوڑا	اور چھوڑا ہے	کہ کسی نے لیا نہ چھوڑا تھا	نہ کوئی لیا چھوڑتا تھا	نہ قبول کریگا	نہ قبول کرتا ہے
گماشتن	اور غم جدائی نے دل پر بیقراری کو لیا	متعین کیا	اور متعین کیا ہے	کہ کسی نے ایسا متعین کیا تھا	نہ کوئی کبھی متعین کرتا		
گرائیدن	کہ طرف تمہارے کے ایک لحظہ	میل کیا	میل کیا ہے	اور نہ میل کیا تھا	اور نہ میل کرتا تھا	مستقبل	حال
گفتن	یہ حال کہ تجھ میں نے تم سے	کہا	اور کہا ہے	کہ کسی نے ایسا نہ کہا تھا	نہ کوئی کبھی کہتا تھا	نہ کہوں گا	[illegible]

مہربان من سلامت

مصادر لام	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی تمنائی	مستقبل	حال
لافیدن	زبان میری نے کبھی کسی سے شد میں	شیخی ماری	اور شیخی ماری ہے	اور نہ کبھی شیخی ماری تھی	اور شیخی ماری تھی	اور نہ شیخی مارے گی	ہے
لرزیدن	کسو لئے کہ دل میرا تجھ سے مثل بید کے	کانپا	اور کانپا ہے	کہ کوئی ایسا نہ کانپا تھا	نہ کانپتا تھا	نہ کانپیگا	نہ ہے
لغزیدن	اور کبھی قدم میرا تجھ سے جگہ میں	نہ پھسلا	نہ پھسلا ہے	نہ کبھی پھسلا تھا	نہ پھسلتا تھا	نہ پھسلے گا	نہ پھسلے
لیسیدن	اور نہ پیالہ تجھ بولنے کا کبھی زبان نے	چاٹا	نہ چاٹا ہے	نہ کبھی چاٹا تھا	نہ زبان میری چاٹتی تھی	نہ کبھی چاٹیگی	نہ چاٹتی ہے

مشفق من سلامت

مصادر میم	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی تمنائی	مستقبل	حال
ماندن	دل میرا بیچ جدائی تمہاری کے بیمار	رہا	اور رہا ہے	کہ کوئی ایسا بیمار نہ رہا تھا	نہ کوئی ایسا بیمار رہتا تھا	نہ رہیگا	نہ رہتا ہے

مصدر فارسی	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
کوفتن	اور پتھر سے سینۂ و دوستی کو	کوٹا	اور کوٹا ہے	کہ کسینے نہ کوٹا تھا	نہ کوئی کوٹتا تھا	نہ کوٹیگا	نہ کوٹتا ہے
کاویدن	اور جڑا خلاص اور دوستی کی	کُریدی	اور کریدی ہے	کہ کسی نے نکریدی تھی	نہ کوئی ایسی کریدتا تھا	نکریدیگا	نکریدتا ہے
کوشیدن	اور بیچ یکجہتی اپنی کے	کوشش کی	اور کوشش کی ہے	اور کوشش کی تھی	اور کوشش کرتا تھا	اور کوشش کریگا	اور کوشش کرتا ہے
کشتن	خلاصہ یہ کہ تیس ہمارے کو جان سے	مارا	اور مارا ہے	کہ ایسا کسی نے نمارا تھا	نہ کوئی مارتا تھا	اور نماریگا	اور نمارتا ہے
کشادن	اور ہاتھ ظلم کا اوس غریب پر	کھولا	اور کھولا ہے	کہ کسی نے ایسا نہ کھولا تھا	نہ کوئی کھولتا تھا	نہ کھولیگا	نہ کھولتا ہے
کاہیدن	اور اس غم سے بدن میرا	گھٹا	اور گھٹا ہے	اور گھٹا تھا	کبھی ایسا گھٹتا تھا	نگھٹے گا	نگھٹتا ہے

مشق من سلامت

مصدر فارسی	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
گریستن	بندہ بیچ جدائی تمھارے کے ایسا	رویا	اور رویا ہے	کہ کوئی ایسا نہ رویا تھا	نہ کوئی روتا تھا	نہ رویگا	نہ روتا ہے
گنجیدن	کہ پانی آنسوون کا بیچ زمین کے	نسمایا	اور نسمایا ہے	اور نسمایا تھا	اور نسماتا تھا	نہ سمائیگا	نہ سماتا ہے
گداختن	اور بدن میرا آگ جدائی سے مثل شمع کے	پگھلا	اور پگھلا ہے	کہ کبھی ایسا نہ پگھلا تھا	نہ پگھلتا تھا	نہ پگھلے گا	نہ پگھلتا ہے
گذشتن	یہان تک کہ اپنے سے	گذرا	اور گذرا ہے	کہ کوئی ایسا نگذرا تھا	نگذرتا تھا	نگذریگا	نگذرتا ہے
گریختن	اور آرام دل سے ایسا	بھاگا	اور بھاگا ہے	کہ کبھی ایسا نبھاگا تھا	نہ بھاگتا تھا	نہ بھاگیگا	نہ بھاگتا ہے
گردیدن	اور میری طرف آرام پھر مطلقا	نہ پھرا	اور نہ پھرا ہے	اور نہ پھرا تھا	اور نہ پھرتا تھا	نہ پھریگا	نہ پھرتا ہے
گسیختن	اور باگ صبر کی ہاتھ دل سے ایسی	توڑی	اور توڑی ہے	اور توڑی تھی	کہ کوئی ایسی باگ نہ توڑتی تھی	نہ توڑیگی	نہ توڑتی ہے
گرفتن	اور اضطراب نے میرے سینے مین جگہہ ایسی	پکڑی	اور پکڑی ہے	کہ کسینے ایسی جگہ نہ پکڑی تھی	نہ کوئی پکڑتا تھا	نہ پکڑیگا	نہ پکڑتا ہے

لیکن تعجب ہے کہ تو سنے دل میرے کا اثر تمھارے دل مین نہین ہوتا اور تمکو ہمارے پاس نہین لاتا والسلام

غریب پرور سلامت

مصدر	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
فرمودن	حضور نے ہمارے ساتھ احسان ایسا	فرمایا	اور فرمایا ہے	کہ قبلہ گاہی صاحب نے بھی نفرمایا تھا	نفرماتے تھے	نفرمائینگے	نفرماتے ہین
فرستادن	یعنی حضور نے ایسا سرفرازنامہ خوشی کا	بھیجا	اور بھیجا ہے	کہ کسی نے نہ بھیجا تھا	نکوئی بھیجتا تھا	نہ بھیجے گا	نہ بھیجتا ہے
فزودن	اوسکے آنے سے خوشی اوپر خوشی کے	بڑھی	اور بڑھی ہے	کہ کبھی نہ بڑھی تھی	نہ بڑھتی تھی	نہ بڑھیگی	نہ بڑھتی ہے
فہمیدن	اگرچہ قدر اس احسان کی عقل ناقص میری	نہ سمجھی	نسمجھی ہے اور سمجھی	نسمجھی تھی اور سمجھی	نسمجھی تھی اور سمجھی	نسمجھیگی اور سمجھیگی	نسمجھی ہے اور سمجھتی
فرسودن	لیکن زبان شکر گزاری اوسکی کے	گھسی	اور گھسی ہے	کہ کسی سے نہ گھسی تھی	نکوئی زبان گھستی تھی	نگھسے گی	نگھستی ہے
فریفتن	حضور کی اس خوبی پر طبیعت ایسی	فریفتہ ہوئی	اور فریفتہ ہوئی ہے	کہ کوئی طبیعت فریفتہ نہوئی تھی	نفریفتہ ہوتی تھی	نفریفتہ ہوگی	نفریفتہ ہوتی ہے
فروختن	غرض کہ متاع جان کو دل نے ہاتھ آگے	بیچا	اور بیچا ہے	اوز بیچا تھا	کہ کوئی ایسا نہ بیچتا تھا	نہ بیچے گا	نہ بیچتا ہے
فتادن	اور محبت غیر کی دل میرے سے ایسی	گری	اور گری ہے	کہ کبھی نہ گری تھی	نگرتی تھی	نگرے گی	نگرتی ہے

مہربان من سلامت

مصدر	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
کردن	فتح خان نوکر تمھارے نے بڑا فساد	کیا	اور کیا ہے	کہ کسی نے ایسا نہ کیا تھا	نہ کوئی کرتا تھا	نکریگا	نکرتا ہے
کاشتن	اپنے حق مین تخم بدی کا	بویا	اور بویا ہے	کہ کسی نے نہ بویا تھا	نہ کوئی بوتا تھا	نہ بوئے گا	نہ بوتا ہے
کشیدن	اور کمان دشمنی کی	کھینچی	اور کھینچی ہے	کہ کسی نے ایسی نکھینچی تھی	نکوئی کھینچتا تھا	نکھینچیگا	نکھینچتا ہے
کندن	اور بنیاد دوستی کی	کھودی	اور کھودی ہے	کہ کسی نے نکھودی تھی	نہ کوئی کھودتا تھا	نکھودے گا	نکھودتا ہے

مصادر	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
شکستن	جوکوئی حضور سے پھر اسراوسکا عجیب ہے	ٹوٹا	اور ٹوٹا ہے	کہ کسی کا سر ایسا نہ ٹوٹا تھا	نہ ٹوٹتا تھا	نہ ٹوٹیگا	نہ ٹوٹتا ہے
شنیدن	وصف تمھارا کسنی زمانے مین	نہ سنا	تمام خلق نے سنا ہے	اور سنا تھا	اور کون نہین سنتا تھا	اور سنیگا	اور سنتا ہے
شمردن	اور کسنے آپ کو رفیق پرور	گنا	بلکہ سب نے گنا ہے	ایک سے اور ہر گنا تھا	اور ہر کوئی گنتا تھا	اور گنیگا	اور گنتا ہے
شناختن	یہان سوائے ذات عالی کے مینے دوسرے کو	نہ پہچانا	اور نہ پہچانا ہے	اور نہ پہچانا تھا	اور نہ پہچانتا تھا	اور نہ پہچانیگا	اور نہ پہچانتا ہے
شستن	بلکہ دوسریکا خیال اپنے دل سے	دھویا	اور دھویا ہے	ایسا کسینے نہ دھویا تھا	نہ کوئی کبھی دھوتا تھا	نہ دھوئیگا	نہ دھوتا ہے
شتافتن	گھوڑا زبان کا میدان تعریف تمھارے مین	دوڑا	اور دوڑا ہے	کہ کبھی ایسا نہ دوڑا تھا	نہ دوڑتا تھا	نہ دوڑیگا	نہ دوڑتا ہے
شگفتن	اور غنچہ دل میرے کا بیچ ہوا محبت تمھاری کے	کھلا	اور کھلا ہے	کہ کبھی کوئی غنچہ نہ کھلا تھا	نہ کھلتا تھا	نہ کھلے گا	نہ کھلتا ہے
شگافتن	اور سیر خیال غیر کو ایسا	چیرا	اور چیرا ہے	کہ کسی نے نہ چیرا تھا	نہ کوئی کبھی چیرتا تھا	نہ چیریگا	نہ چیرتا ہے
شاشیدن	دل میرے نے غیر کے نام پر	موتا	اور موتا ہے	کہ کسی نے ایسا نہ موتا تھا	نہ کوئی موتتا تھا	نہ موتیگا	نہ موتتا ہے

مہربان من سلامت

مصادر	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
طلبیدن	جو دعا مینے درگاہ الٰہی سے	طلب کی	اور طلب کی ہے	اور طلب کی تھی	اور طلب کرتا تھا	اور طلب کریگا	اور طلب کرتا ہے

سوائے ترقی تمھاری کے دوسری تھی الحمد للہ رب العالمین کہ سب قبول ہوئی زیادہ خیریت

مہربان من زاد محبتہ

مصادر	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
غلطیدن	دل میرا بیچ یاد تمھاری کے سینے مین	لوٹا	اور لوٹا ہے	کہ کوئی اس طرح نہ لوٹا تھا	نہ کوئی لوٹتا تھا	نہ لوٹیگا	نہ لوٹتا ہے

مصادر	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
زائیدن	کسی ماں نے ایسا بیٹا جیسا کہ نوکر تمھارا ہے	نہ جنا	نہ جنا ہے	نہ کسی نے ایسا جنا تھا	نہ کوئی ماں جنتی تھی	نجنے گی	نہ جنتی ہے
زدودن	لیکن بسبب موقوف کرنے تمھارے کے اپنے نوکر کو ہی قصور پر زنگار اس غم کا دل میرے سے	چھوٹا	اور چھوٹا ہے	کہ کبھی ایسا نہ چھوٹا تھا	نہ زنگار ایسا چھوٹتا تھا	نچھوٹیگا	نچھوٹتا ہے
اگر موقوف نکرتے دل میرے سے یہ زنگار کبھی نہ چھوٹتا باقی خیریت							

مہربان من سلامت

مصادر	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
ساختن	تمھاری محبت نے میرے دل میں گھر	بنایا	اور بنایا ہے	کہ ایسا کبھی نے نہ بنایا تھا	نہ کوئی بناتا تھا	بنائیگا	نہ بناتا ہے
سپردن	آنکھوں میری نے بیچ یاد تمھاری کے بیشمار آنسو دامن میرے کو	سونپے	اور سونپے ہیں	کہ کسی نے اسطرح نہ سونپے تھے	نہ کوئی آنکھ سونپتی تھی	نہ سونپے گی	نہ سونپتی ہے
سرودن	اور زبان میری نے گانا تعریف تمھاری کا	گایا	اور گایا ہے	کہ کسی نے نہ گایا تھا	نہ کوئی زبان گاتی تھی	نہ گائیگی	نہ گاتی ہے
ستودن	اور اس خوبی کے ساتھہ	تعریف کی	اور تعریف کی ہے	کہ کسی نے تعریف نہ کی تھی	نہ کوئی تعریف کرتا تھا	نہ تعریف کریگا	نہ تعریف کرتا ہے
سودن	اور مونہہ اپنے کو بیچ یاد تمھارے کے ایسا	گھسا	اور گھسا ہے	کہ کسی نے نگھسا تھا	نہ کوئی گھستا تھا	نگھسے گا	نگھستا ہے
ستاندن	تمنے اپنے خط میں ایما کیا تھا کہ اگر تمنے کچھہ ہماری سرکار سے بطریق قرض لیا ہو ادا کرو مہربان من بندے نے سرکار سے کچھہ قرض	نہیں لیا	اور نہ لیا ہے	اور نہ کبھی قرض لیا تھا	نہ کبھی لیتا تھا	نہ لونگا	نہ لیتا ہوں
سوختن	اگر لیتا تو ادا کرتا مہربان میرے اس لکھنے سے تمھارے دل میرا بہت	جلا	اور جلا ہے	کہ کسیکا دل ایسا نہ جلا تھا	نہ کبھی جلتا تھا	نہ جلیگا	نہ جلتا ہے

غریب پرور سلامت

مصادر	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
شدن	کوئی شغل جناب کے عنایت فرما ہمارا	نہوا	نہوا ہے	نہوا تھا	نہوتا تھا	نہوگا	نہوتا ہے

مصدر	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
رسیدن	پیچھے جانے تمہارے کے کوئی یگانہ اور بیگانہ دیار ہماری کو	نپہونچا	اور نپہونچا ہے	اور نپہونچا تھا	اور نپہونچتا تھا	اور نپہونچیگا	اور نپہونچتا ہے
رستن	اور ہماری زمین دل مین پودھا تمہاری محبت کا	جما	اور جما ہے	کہ کسی زمین مین ایسا نہ جما تھا	نہ کہین جمتا تھا	اور نہ جمے گا	اور نہ جمتا ہے
رُستن	اور خیال تمہارا ایکدم میرے دل سے	نچھوٹا	اور نچھوٹا ہے	اور نچھوٹا تھا	اور نچھوٹتا تھا	اور نچھوٹیگا	اور نچھوٹتا ہے
ریختن	آنکھون میری نے بغیر تمہارے خون دل کا	گرایا	اور گرایا ہے	کہ کسی نے ایسا نگرایا تھا	نہ کوئی آنکھ ایسا خون گراتی تھی	نگرائے گی	نگراتی ہے
رویدن	اگر تمہارے پاس پہونچتا خون دل کا آنکھ نگراتی اور ہر دم تخم یاد تمہاری کا	بیچ زمین دل میرے کے اوگا	اور ایسا اوگا ہے	کہ کوئی تخم ایسا نہ اوگا تھا	نہ کہین کبھی اوگتا تھا	نہ اوگیگا	نہ اوگتا ہے
رمیدن	اور بغیر تمہارے دل میرا خواب و خور سے اسطرح	بھاگا	اور بھاگا ہے	کہ کبھی اتنا نہ بھاگا تھا	اور نہ بھاگتا تھا	اور نہ بھاگے گا	اور نہ بھاگتا ہے
رقصیدن	اور بیچ یاد تمہاری کے دل میرا مرغ بسمل کیطرح خون جگر مین	ناچا	اور ناچا ہے	کہ کوئی ایسا نہ ناچا تھا	اور نہ ناچتا تھا	اور نہ ناچے گا	اور نہ ناچتا ہے
رُفتن	غرض کہ بیچ یاد تمہاری کے گھر دل اپنے کا یاد غیر سے بالکل	جھاڑا	اور جھاڑا ہے	کہ کسی نے کبھی نجھاڑا تھا	نہ کوئی ایسا جھاڑتا تھا	نہ جھاڑے گا	نہ جھاڑتا ہے

مہربان من سلامت

مصدر	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
زدن	بیچ جماعت کے آیا کہ نوکر تمہارے نے نوکر ہمارے کو ایسا	مارا	اور مارا ہے	کہ کسی نے ایسا نہ مارا تھا	نہ کوئی کسیکو ایسا مارتا تھا	نہ مارے گا	نہ مارتا ہے
زیبیدن	پھر کیسے پھبتا تمہارا واسطے تمہارے	زیب ندیا	اور زیب ندیا ہے	اور نہ زیب دیا تھا	نہ زیب دیتا تھا	نہ زیب دیگا	نہ زیب دیتا ہے
زیستن	در حقیقت نوکر تمہارا بیچ دنیا کے ساتھ بدنامی کے	جیا	اور جیا ہے	کہ نہ کوئی ایسا جیا تھا	نہ جیتا تھا	نہ جیے گا	نہ جیتا ہے

مصادر جملہ والے	مضمون	نفی ماضی مطلق	نفی ماضی قریب	نفی ماضی بعید	نفی ماضی استمراری	نفی مستقبل	نفی امر
دیدن	اور کون زمانے کا اونے آنکھون سے	دیکھا	اور دیکھا ہے	کہ اور کسی نے نہ دیکھا تھا	نہ کوئی ایسا دیکھتا تھا	نہ دیکھیگا	نہ دیکھتا ہے
دادن	غرض کہ ہر قسم کے کھانا پکانے کی اوسنے ایسی داد	دی	اور دی ہے	کہ کسی نے کبھی نہ دی تھی	نہ کوئی کبھی دیتا تھا	نہ دیگا	نہ دیتا ہے
دزدیدن	اور کبھی اوسنے کچھ اونمین سے	نہ چرایا	نہ چرایا ہے	اور نہ آگے کبھی چرایا تھا	اور نہ چراتا تھا	اور نہ چرائیگا	اور نہ چراتا ہے
دویدن	اور کارسرکار مین ساتھ دل و جان کے خوشی سے	دوڑا	اور دوڑا ہے	کہ کوئی شخص ایسا نہ دوڑا تھا	تعجب اور نہ دوڑتا	اور نہ دوڑیگا	اور نہ دوڑتا ہے
دمیدن	غرضکہ دانشمندی اور ہنرمندی کا اوسکے ہر دل مین	اوگا	اور اوگا ہے	کہ کبھی ایسا نہ اوگا تھا	اور نہ اوگتا تھا	اور نہ اوگیگا	اور نہ اوگتا ہے
دمیدن	بلکہ اوسنے افسون ہنرمندی کا ہر شخص کے کان مین	پھونکا	اور پھونکا ہے	کہ کسی نے کبھی نہ پھونکا تھا	نہ کوئی ایسا پھونکتا تھا	نہ پھونکیگا	نہ پھونکتا ہے
دریدن	اور ہاتھ ہنرمندی اوسکے نے گریبان عقل ہر دانا کا بے تکلف	پھاڑا	اور پھاڑا ہے	کہ کسی نے نہ پھاڑا تھا	نہ کوئی ایسا پھاڑتا تھا	نہ پھاڑیگا	نہ پھاڑتا ہے
درخشیدن	بیچ زمانے قدرشناسی حضور کے ستارہ اوسکی قدر کا ایسا	چمکا	اور چمکا ہے	کہ کوئی ستارہ نہ چمکا تھا	اور نہ چمکتا تھا	اور نہ چمکیگا	نہ چمکتا ہے
دوختن	اور دوسری ہنرمندی اوسکی یہ ہے کہ عورات کو کپڑا ایسا عمدہ	سیا	کہ کسی نے نہ سیا ہے	کہ کسی نے ایسا سیا تھا	نہ کوئی ایسا سیتا تھا	نہ سیئیگا	نہ سیتا ہے
دوشیدن	اور اوسکی ہنرمندی یہ ہے کہ مرغی کھی گائے کا دودھ اوسنے	دوہا	اور دوہا ہے	کہ کسی نے ایسا نہ دوہا تھا	نہ کوئی ایسا دوہتا تھا	نہ دوہیگا	نہ دوہتا ہے
	ایسے آدمی کی قدر ضرور ہو جب تھا عرض کیا						

مشتق من سماعت

مصادر جملہ والے	مضمون	نفی ماضی مطلق	نفی ماضی قریب	نفی ماضی بعید	نفی ماضی استمراری	نفی مستقبل	نفی امر
رفتن	خیرپیارا یاری تمہارے دل سے	ایسی گئی	اور گئی ہے	کہ کسی کے دل سے ایسی نہ گئی تھی	اور نہ جاتی تھی	اور نہ جائیگا	اور نہ جاتی ہے

مصادر خای معجمہ	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
خروشیدن	پھر بعد چُپ رہنے کے ایسا	شور مچایا	اور شور مچایا ہی	کہ کسی نے ایسا شور مچایا تھا	نہ کبھی کوئی شور مچاتا تھا	نہ شور مچاویگا	نہ شور مچاتا ہی
خرامیدن	او وقت چھٹی کے باغ مین جاکر	ٹہلا	اور ٹہلا ہی	کہ کبھی نہ ایسا ٹہلا تھا	نہ کوئی اتنا ٹہلتا تھا	نہ ٹہلے گا	نہ ٹہلتا ہی
خندیدن	اور سیر باغ سے خوش ہوکر	ہنسا	اور ہنسا ہی	کہ کوئی ایسا نہ ہنسا تھا	نہ کوئی کبھی ہنستا تھا	نہ ہنسے گا	نہ ہنستا ہی
خواندن	اور جس سونے والے کو دیکھا اوسکو	بُلایا	اور بُلایا ہی	کہ کسی نے نہ بُلایا تھا	نہ کوئی ایسا بُلاتا تھا	نہ بُلائیگا	نہ بُلاتا ہی
خریدن	اور جو سودا چاہا اوس سے	مول لیا	اور مول لیا ہی	کہ کبھی کسی نے نہ مول لیا تھا	نہ کوئی ایسا مول لیتا تھا	نہ مول لیگا	نہ مول لیتا ہی
خواستن	تلف کرنا مال وزر کا ایسا	چاہا	اور چاہا ہی	کہ کسی نے نقصان نہ چاہا تھا	نہ کوئی ایسا چاہتا تھا	نہ چاہیگا	نہ چاہتا ہی
خراشیدن	ایسی حرکتون اوس برخوردار کے سے نے دل ہمارا ایسا	چھیلا	اور چھیلا ہی	کہ کسی نے ایسا نہ چھیلا تھا	نہ کوئی ایسا چھیلتا تھا	نہ چھیلیگا	نہ چھیلتا ہی
خلیدن	اور کانٹا اس رنج کا دل الٰہی ایسا	چُبھا	اور چبھا ہی	کہ کسی پاؤن میں نہ چبھا تھا	نہ کسی کے ایسا چُبھتا تھا	نہ چبھے گا	نہ چبھتا ہی
خاریدن	ایسا کام جسنے کیا بیشک اوسنے تمام عمر زخم جگر ناخن غم سے	کھجلایا	اور کھجلایا ہی	کہ کسینے ایسا نکھجلایا تھا	نہ کوئی کبھی کھجلاتا تھا	نہ کھجلاویگا	نہ کھجلاتا ہی

غریب پرور عادل زمان سلامت

مصادر دال مہملہ	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
داشتن	داروغہ باورچیخانۂ خاص نے ایسی ہوشیاری	رکھی	اور رکھی ہی	کہ کسی نے نرکھی تھی	نہ کوئی ایسی رکھتا تھا	نہ رکھیگا	نرکھتا ہی
دانستن	اگر کوئی رکھتا ایسی ہی ہوشیاری رکھتا او رسخت نہ رکھانے کی اوسنے ایسی	جانی	اور جانی ہی	کہ کسی نے ایسی کبھی نہ جانی تھی	نہ کوئی ایسی جانتا تھا	نہ جانیگا	نہ جانتا ہی
دریافتن	اور نیک او ربد بحث کا ساتھ اسن وضع کے	دریافت کیا	اور دریافت کیا ہی	کہ کسی نے کبھی نہ دریافت کیا تھا	نہ کوئی کبھی ایسا دریافت کرتا تھا	نہ دریافت کرے گا	نہ دریافت کرتا ہی

مشفق من سلمکم اللہ تعالیٰ

مصادر جیم فارسی	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
چیدن	دل نے باغ محبت تمہارے سے پھول محبت کے ایسے	چنے	اور چنے ہین	کہ کبھی کسی نے نہ چنے تھے	نکوئی ایسے چنتا تھا	نہ چنے گا	نہ چنتا ہے
چشیدن	اور ایسے پھل اوس باغ سے	چکھے	اور چکھے ہین	کہ کبھی کسی نے ایسے نہ چکھے تھے	نکوئی کبھی چکھتا تھا	نہ چکھے گا	نہ چکھتا ہے
چکیدن	اور سعی و کوشش اوسکی ہین دل ہیرے سے جیسا کہ عرق	ٹپکا	اور ٹپکا ہے	کہ کسی دل سے ایسا نہ ٹپکا تھا	اور نہ کبھی ٹپکتا تھا	نہ ٹپکیگا	نہ ٹپکتا ہے
چسپیدن	بہرکیف بھلائی تمہارے ذمے اور برائی اوسکی میرے ذمے بھی	چمٹی	اور چمٹی ہے	کہ کسی کے ذمے ایسی چمٹی تھی	اور نہ کبھی چمٹتی تھی	نہ چمٹے گی	نہ چمٹتی ہے
چریدن	انجام اوسکا معلوم نتھا کہ خزان نے اوس باغ کو اس رنگ سے	چرا	اور چرا ہے	کہ کسی چرندے نے کھیت نہ چرا تھا	اور نہ کبھی کوئی ایسا چرتا تھا	نہ چرے گا	نہ چرتا ہے
چربیدن	آخر ادبار باغ کا اور اقبال اوسکے ایسا	غالب آیا	اور غالب آیا ہے	کہ کوئی ایسا نہ غالب آیا تھا	اور نہ کبھی غالب آتا تھا	اور نہ غالب آویگا	نہ غالب آتا ہے

برخوردار من سلمہ

مصادر خائے معجمہ	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
خواندن	بھائی تمہارے نے آج ایسا خوب	پڑھا	اور پڑھا ہے	کہ کسی نے ایسا نہ پڑھا تھا	اور نہ کوئی کبھی پڑھتا تھا	نہ پڑھیگا	نہ پڑھتا ہے
خفتن	اور بعد پڑھنے کے ایسا	سویا	اور سویا ہے	کہ کبھی ایسا نہ سویا تھا	نہ کوئی کبھی سوتا تھا	نہ سوئے گا	نہ سوتا ہے
خوردن	اور اوسنے کھانا بیوقت	کھایا	اور کھایا ہے	کہ وقت پر اوسنے نکھایا تھا	اور کبھی بیوقت نکھاتا تھا	نکھاویگا	نکھاتا ہے
خزیدن	اور وقت بلانے کے خوف معلم سے گھر مین ایسا	گھسا	اور گھسا ہے	کہ کوئی ڈر سے نگھسا تھا	نگھستا تھا	نگھسے گا	نگھستا ہے
خموشیدن	لیکن وقت شور کرنے کے	چپ ہوا	اور چپ ہوا ہے	کہ کوئی چپ ہونے والا ایسا چپ نہوا تھا	نہ کوئی ایسا چپ ہوتا تھا	نہ چپ ہوگا	نہ چپ ہوتا ہے

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	مستقبل	حال	مضمون	
ترپا	اور ترپا ہے	کہ کبھی کوئی نہ ترپا تھا	اور نہ کبھی ترپتا تھا	اور نہ ترپیگا	اور نہ ترپتا ہے	دل ایسے آدمی کا خوف خدا سے شب و روز	[illegible]
تراشی	اور تراشی ہے	کہ جسنے ایسی کبھی نہ تراشی تھی	اور نہ کبھی کوئی تراشتا تھا	اور نہ تراشیگا	اور نہ تراشتا ہے	جس کسی نے بیچ حق خلائق کے جفا اور ایذا	...ید...
گرم ہوا	اور گرم ہوا ہے	کہ کبھی ایسا نہ گرم ہوا تھا	اور نہ گرم ہوتا تھا	اور نہ گرم ہوگا	اور نہ گرم ہوتا ہے	اور ظاہر ہے کہ سینہ ہر مظلوم کا آہ گرم سے	...ن ...ید
تنا	اور تنا ہے	لیکن واسطے شکار مطلب کے کسی نے ایسا نہ تنا تھا	نہ کوئی کبھی ایسا تنتا تھا	اور نہ تنے گا	اور نہ تنتا ہے	اگرچہ آہ مظلوم نے تانا بانا مثل مکڑی کے ناپایدار	...نیدن
ٹپکی	اور ٹپکی ہے	کہ کبھی کسی کا دل سے ایسی رحمت نہ ٹپکی تھی	نہ ٹپکتی تھی	اور نہ ٹپکے گی	اور نہ ٹپکتی ہے	فی الحقیقت دادرسی مظلوموں سے ایسی رحمت اوپر حاکم دادگر کے	تراویدن

آرے شعر بترس از آہ مظلومان کہ ہنگام دعا کردن
اجابت از درِ حق بہر استقبال مے آید فقط

قبلۂ من سلامت

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	مستقبل	حال	مضمون	[illegible]
کودا	اور ایسے وقت پر کودا ہے	کہ کوئی کبھی ایسا نہ کودا تھا	اور نہ کودتا تھا	اور نہ کودے گا	اور نہ کودتا ہے	سعادت خان سپاہی تن و لڑائی کے قلعے سے اوپر فوج دشمنوں کے	جستن
ڈھونڈھی	اور ڈھونڈھی ہے	اور ڈھونڈھی تھی	کہ اور کوئی ڈھونڈھتا تھا	اور نہ ڈھونڈھیگا	اور نہ ڈھونڈھتا ہے	اور حملہ دشمنوں سے پناہ	جُستن
جوش میں آیا	اور جوش میں آیا ہے	کہ کوئی ایسا جوش میں آیا تھا	اور نہ کبھی جوش میں آتا تھا	اور نہ جوش میں آویگا	اور نہ جوش...	اور مقابلے میں دشمنوں کے مانند دریا کے ایسا	جوشیدن
ہلا	اور ہلا ہے	کہ کوئی ایسا جگہ سے نہ ہلا تھا	نہ کوئی ایسا ہلتا تھا	اور نہ ہلے گا	[illegible]	اور مانند پہاڑ کے جگہ سے	جنبیدن

ایسا سپاہی قابل اضافے تنخواہ کے ہے

مصادر	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
پریدن	اوسپاہی بارود قریب دوسرے لوگون کے	اوڑا	اور اوڑا ہے	کہ ایسا نہ کوئی اوڑا تھا	اور نہ کبھی کوئی اوڑتا تھا	اور نہ اوڑیگا	اور نہ اوڑتا ہے
پوشیدن	بضرورت لباس فریب اور دغا کا	پہنا	اور پہنا ہے	کہ اب تک کسی نے نہ پہنا تھا	اور نہ کبھی کوئی پہنتا تھا	اور نہ پہنیگا	اور نہ پہنتا ہے
پیراستن	اور برائے تسکین بیچ ان لباس کے ایسا	آراستہ کیا	اور آراستہ کیا ہے	کہ کبھی کسی نے نہ آراستہ کیا تھا	اور نہ کوئی آراستہ کرتا تھا	اور نہ آراستہ کریگا	اور نہ آراستہ کرتا ہے
پاشیدن	اور واسطے بے آرامی خلائق کے اوسنے بجائے آب کے ایسا خون	چھڑکا	اور چھڑکا ہے	کہ کسی نے نہ چھڑکا تھا	اور نہ کبھی کوئی چھڑکتا تھا	اور نہ چھڑکیگا	اور نہ چھڑکتا ہے
پرستیدن	غرض کہ دروغ اور باطل کو اوسنے ایسا	پوجا	اور پوجا ہے	کہ کبھی کسی نے نہ پوجا تھا	اور نہ کوئی پوجتا تھا	اور نہ پوجیگا	اور نہ پوجتا ہے
پرسیدن	اور سب وزرا نے گھر اوسکا اس نگ سے	پوچھا	اور پوچھا ہے	کہ کبھی کسی نے نہ پوچھا تھا	اور نہ کوئی پوچھتا تھا	اور نہ پوچھیگا	اور نہ پوچھتا ہے
پنداشتن	طرفہ یہ ہے کہ باوجود ایسی بدیونکے پھر اوسنے اپنے تئین ایسا نیک	جانا	اور جانا ہے	کہ کبھی کسی نے نہ جانا تھا	اور نہ کوئی جانتا تھا	اور نہ جانیگا	اور نہ جانتا ہے
	موقوف ہونا ایسے آدمی کا سرکار سے بہتر ہے						

مشق من سلامت

مصادر	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
تاختن	نوکر تمہارے نے گھوڑے تمہارے کو بیچ کھیت یون کے ایسا	دوڑایا	اور دوڑایا ہے	کہ کبھی کسی نے نہ دوڑایا تھا	اور نہ کوئی دوڑاتا تھا	اور نہ دوڑاویگا	اور نہ دوڑاتا ہے
ترسیدن	اگر اوپر فوج دشمن کے دوڑاتا آہ غریبون کی ظلم اوسکے سے آسمان بھی نہ دوڑتی غرض کہ جو کوئی خوف خدا سے	ڈرا	اور ڈرا ہے	اور ڈرا تھا	اور ڈرتا تھا	اور ڈریگا	اور ڈرتا ہے
تافتن	اوسنے ایذا لئے خلائق سے باگ کو	پھیرا	اور پھیرا ہے	کہ کبھی کسی نے نہ پھیرا تھا	اور نہ کوئی پھیرتا تھا	اور نہ پھیریگا	اور نہ پھیرتا ہے
تافتن	آخر نور الہی سے پیشانی اوسکی	چمکی	اور چمکی ہے	کہ کوئی پیشانی ایسی نہ چمکی تھی	اور نہ چمکتی تھی	اور نہ چمکے گی	اور نہ چمکتی ہے

مصدر فارسی	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
بستن	اور رشتے غم کے ایسے	باندھے	اور باندھے ہین	کہ کسی نے نہ باندھے تھے	اور کوئی نہ باندھتا تھا	اور نہ باندھیگا	اور نہ باندھتا ہے
باختن	تا حدیکہ دل سر کے پڑھنے اوسکے سے ایسے ہوش ہوا ہین	ہارے	اور ہارے ہین	کہ کبھی کسی نے نہ ہارے تھے	اور کوئی نہ ہارتا تھا	اور نہ ہاریگا	اور نہ ہارتا ہے
بوسیدن	عطا لعلی خواہے لبہائے ... دروازہ دل سیر کو ساتھ اُنگلی کے	چوما	اور چوما ہے	کہ کبھی کسی نے نہ چوما تھا	اور نہ چومتی تھی	اور نہ چومے گی	اور نہ چومتی ہے
بافتن	اور تار و پود خلعت خوشی کا اور دل سیر کے ساتھ اسطرح کے	بُنا	اور بُنا ہے	کہ کبھی کسی نے نہ بُنا تھا	اور کوئی نہ بُنتا تھا	اور نہ بُنے گا	اور نہ بُنتا ہے
بودن	سمجھنے سے دل میرا ایسا خوش ہیں	تھا	اور ہوا ہے	کہ کبھی کوئی خوش نہوا تھا	اور نہوتا تھا	اور نہووے گا	اور نہوتا ہے

قبلۂ من سلامت

مصدر فارسی	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
پختن	داروغۂ املاکی کا سر نے یہ خیال دل میں	پکایا	اور پکایا ہے	کہ کبھی کسی نے نہ پکایا تھا	اور کوئی نہ پکاتا تھا	اور نہ پکاوے گا	اور نہ پکاتا ہے
پیمودن	یعنی زمین سرکاری ساتھ پیمایش کم اور کوتاہ سے کے	ناپی	اور ناپی ہے	کہ کبھی کسی نے اس رنگ سے نہ ناپی تھی	اور کوئی نہ ناپتا تھا	اور نہ ناپے گا	اور نہ ناپتا ہے
پیچتن	درحقیقت کیچڑ بدنامی کی اور بدن اپنے سے کے	لپیٹی	اور لپیٹی ہے	کہ وہ کبھی کسی نے نہ لپیٹی تھی	اور نہ کوئی لپیٹتا تھا	اور نہ لپیٹے گا	اور نہ لپیٹتا ہے
پوشیدن	اور یہ ارادہ بیچ دل کے ایسا	چھپایا	اور چھپایا ہے	کہ کبھی کسی نے نہ چھپایا تھا	اور کوئی نہ چھپاتا تھا	اور نہ چھپاویگا	اور نہ چھپاتا ہے
پسندیدن	فی الحقیقہ چلنا راہ بد کا ایسا	پسند کیا	اور پسند کیا ہے	کہ کبھی کسی نے نہ پسند کیا تھا	اور نہ کوئی پسند کرتا تھا	اور نہ پسند کریگا	اور نہ پسند کرتا ہے
پیوستن	اور ساتھ آدمیون ناحق شناس کے	ملا	اور ملا ہے	کہ ایسا کوئی نہ ملا تھا	اور کبھی کوئی نہ ملتا تھا	اور نہ ملے گا	اور ملتا ہے
پذیرفتن	اور مشورہ اونکا	قبول کیا	اور قبول کیا ہے	کہ آج تک کسی نے نہ قبول کیا تھا	اور کبھی کوئی نہ قبول کرتا تھا	اور نہ قبول کریگا	اور نہ قبول کرتا ہے

مصادر	مضمون	ماضی استمراری	ماضی بعید	حال
آرمیدن	اور اکثر بیچ دامان کوہ کے	آرام لیتا تھا	اور آرام لیا تھا	اور آرام لیتا ہے
افگندن	گھر امن وامان کو جڑ سے	گراتا تھا	اور گرایا تھا	اور گراتا ہے
آسودن	اور رات کے وقت اوپر پہاڑ کے	آسودہ ہوتا تھا	اور آسودہ ہوا تھا	اور آسودہ ہوتا ہے
آفریدن	اور ظلم نیا	پیدا کرتا تھا	اور پیدا کیا تھا	اور پیدا کرتا ہے
آزمودن	شمشیر اپنی کو بیچ خون مسافرون کے	آزماتا تھا	اور آزمایا تھا	اور آزماتا ہے
آمرزیدن	ایسے گنہگار کو سوا رحمت رحیم کے کون	بخشتا تھا	اور کسنے بخشا تھا	اور کون بخشتا ہے

اگر تدارک ایسے بدمعاش کا اس مدت ہفتے مین نہوگا واسطے تمھارے خوب نہوگا تھوڑے لکھے ہوے کو بہت جانے

شفیق بدل رفیق سلامت

مصادر	مضمون	ماضی مطلق	ماضی قریب	ماضی بعید	ماضی استمراری	مستقبل	حال
بخشیدن	خط تمھارے نے تسلی دل بیتاب کو ایسی	بخشی	اور بخشی ہے	کہ کسی نے بخشی تھی	اور کبھی کوئی بخشتا تھا	اور نہ بخشیگا	اور بخشتا ہے
بردن	اور غم دل سے سا تھ اس رنگ کے	لے گیا	اور لیگیا ہے	کہ کوئی نہ لیگیا تھا	اور کبھی کوئی نہ لیجاتا تھا	اور نہ لیجاویگا	اور نہ لیجاتا ہے
بریدن	مصیبت غم کو دل سے ایسا	کاٹا	اور کاٹا ہے	کہ کسینے نہ کاٹا تھا	اور کبھی کوئی نہ کاٹتا تھا	اور نہ کاٹیگا	اور نہ کاٹتا ہے
باریدن	پڑھنے اوسکے سے باران جوشش محبت کا ایسا	برسا	اور برسا ہے	کہ کبھی نہ برسا تھا	اور کبھی نہ برستا تھا	اور نہ برسیگا	اور نہ برستا ہے
بالیدن	مضمون اوسکے ایسا بدن میرا	بڑھا	اور بڑھا ہے	کہ کبھی نہ بڑھا تھا	اور کبھی نہ بڑھتا تھا	اور نہ بڑھیگا	اور نہ بڑھتا ہے
بشتن	آنے اوسکے سے دل دشمنون کا ایسا	بجھا	اور بجھا ہے	کہ کبھی بجھا تھا	اور کبھی نہ بجھتا تھا	اور نہ بجھیگا	اور نہ بجھتا ہے

مشفق من سلامت

مصدر	مضمون	ماضی استمراری	ماضی بعید	حال
آمدن	مدت سے ساعت مین	آتا تھا	اور آیا تھا	اور آتا ہے
آوردن	کہ کھم چند معلش ڈاکہ اوپر مہاجنون او سطرف کے	لاتا تھا	اور لایا تھا	اور لاتا ہے
افزودن	اور تھوڑے سے فتنے کو	زیادہ کرتا تھا	اور زیادہ کیا تھا	اور زیادہ کرتا ہے
انباشتن	بہت سے چاہ او غار خون مسافرون سے	بھرتا تھا	اور بھرے تھے	اور بھرتا ہے
اندوختن	اور مال چوری اور رہزنی کا	اکٹھا کرتا تھا	اور اکٹھا کیا تھا	اور اکٹھا کرتا ہے
آموختن	وقت طفلی سے فن چوری اور رہزنی کا	سیکھتا تھا	اور سیکھا تھا	اور سیکھتا ہے
افروختن	آگ فتنے کی ہر طرف	روشن کرتا تھا	اور روشن کی تھی	اور روشن کرتا ہے
آمیختن	ہمیشہ رہزنون سے	ملتا تھا	اور ملا تھا	اور ملتا ہے
انداختن	اور سر مسافرون کے خون ناحق دریا اور تالاب مین	ڈالتا تھا	اور ڈالے تھے	اور ڈالتا ہے
افشاندن	گر ذیم و ہراس کی خاطر ظلم سے	جھاڑتا تھا	اور جھاڑی تھی	اور جھاڑتا ہے
انگاشتن	اور پیشہ حرام کو حلال	جانتا تھا	اور جانا تھا	اور جانتا ہے
اندیشیدن	اندوختہ خبیث اپنے کو طیب	اندیشہ کرتا تھا	اور اندیشہ کیا تھا	اور اندیشہ کرتا ہے
انگیختن	اور فتنۂ خوابیدہ کو خواب سے	اوٹھاتا تھا	اور اوٹھایا تھا	اور اوٹھاتا ہے
آویختن	سر مسافرون کے اوپر دروازے اپنے کے	لٹکاتا تھا	اور لٹکائے تھے	اور لٹکاتا ہے
آشامیدن	اور خون مسافرون کا تلوار اپنی کو	پلاتا تھا	اور پلایا تھا	اور پلاتا ہے
افراختن	اور سر تکبر کا اوپر آسمان کے	بلند کرتا تھا	اور بلند کیا تھا	اور بلند کرتا ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد و صلوٰۃ کے معلوم ہو کہ ایک قاعدہ ایسا بیان ہوتا ہی کہ جسکے برتنے سے ہر خاص
و عام کو فارسی لکھنے پر جلد قدرت ہو جائے اور اسی قاعدے سے مولوی
امام علی دہلوی مرحوم پڑھنے والے سے بقید مدت و زر اجرت ٹھیکہ کر لیتے تھے
پس چاہیے کہ اون مصدروں کو جو جدول کے پہلے خانون مین لکھے ہین اول
شاگرد کو حفظ کراوین پھر اوس عبارت اُردو کو جو مصدروں کے خانے کے
بعد لکھی ہی شاگرد سے فارسی مین مسودہ کراوین پھر اوس مسودے کو حروف
روابط سے مطابق محاورۂ فارسی کے اصلاح کرین جب یہ سارے مصادر اور
خطوط اُردو تمام ہو جاوین اسی قاعدے سے اور مصادر یاد کرا کے عبارت
رنگین اردو کی جسمین اونھین مصادر محفوظ کے فعل آوین شاگرد سے فارسی کراوین
قادر قدیر کی مدد خاص سے یقین ہی کہ طالب علم تھوڑے زمانے مین فارسی
عبارت عاری اور رنگین میرزایانہ پر قادر ہو جاوے اور داد فارسی دے
لیکن اتنا التزام کرتے رہین کہ جو مسودۂ اُردو مین فعل لاوین اون فعلون کے
مصادر فارسی کو صرف کبیر پر مطابق صرف کبیر اوروں کے سن لیا کرین
تو اشتقاق پر کل صیغون اون مصادر کے شاگرد کو قدرت کامل ہو جاوے

شنیدن کا نہ شنفتن کا اور بلد مضارع بلیدن کا ہے نہ بشتن کا اور راوراز و مضارع افراختن کا ہے نہ افراشتن کا اور فروشد مضارع فروشیدن کا ہے نہ فروختن کا

تمت

قطعہ تاریخ اختتام این رسالہ از جناب مصنف دام اقبالہ

این طالب علم عاشقانہ — پرسید ز شاہد از شواہد
تاریخ تمامے رسالہ — گفتا کہ خزانت القواعد
۱۲۷۰ ہجری

تاریخ تمامی حفظ قرآن جناب حافظ محمد اسحق صاحب نبیرہ جناب مصنف رسالہ زید اقبالہما از جناب محمد وحر

حافظ تو شدی محمد اسحق — ہستی چو یکی ز نسل انصار
تاریخ تمام حفظ قرآن — بشنو و بکن زبان گہربار
از آل عبا عبا تو بر گیر — اعدا و عبا بجای خود دار
۱۲۷۰

[illegible]

خاتمہ

جاننا چاہیے کہ مصدر کی تین قسمین ہین لازم متعدی مشترک لازم اوسے کہتے ہین
جو فقط فاعل پر تمام ہو جائے اور مفعول کا محتاج نہو جیسے رفتن اور نشستن اور متعدی
وہ ہی کہ فاعل پر تمام نہو اور مفعول کا بھی محتاج ہو جیسے آوردن اور بردن اور مشترک
وہ ہی کہ معنی لازم اور معنی متعدی کے دونون اوسمین حاصل ہون اپنی اپنی جگہہ جیسے
کشادن زادن گداختن سوختن آموختن افروختن آمیختن ریختن آویختن
بختن آزردن آزاردن گسستن شکستن بستن پیوستن آشفتن گرفتن
تافتن نہفتن شگافتن فریفتن افزودن نمودن سودن آلودن فرسودن
باریدن پیچیدن بوییدن بریدن جوشیدن خاریدن کاہیدن پوشیدن کشیدن
اور جب چاہو کہ لازم سے متعدی بناؤ تو آنیدن یا آندن آخر مین صیغۂ واحد امر
حاضر لازم کے زیادہ کرو متعدی بن جاویگا جیسے رس سے رسانیدن و رساندن اور گرد
گردانیدن اور گرداندن علی ہذا القیاس اور یہ بھی جاننا چاہیے کہ بعضے مصدر ایسے
ہین کہ جنکی گردان پوری نہین آئی جیسے آگندن استردن ژولیدن بودن
غنودن آختن آہیختن آغشتن خستن نہفتن برشتن شنیدن سختن کشتن
رشتن تسفتن ہشتن افراشتن فروختن زادن ستدن وغیرہ اور باشد
جو مضارع ہی بعضون نے مصدر اسکا بودن ٹھہرایا ہی اور بعضے کہتے ہین کہ یہ
وہ مضارع ہی کہ مصدر اسکا نہین ہی اور بودن کا امر نہین آیا اور زاید مضارع
زاییدن کا ہی نہ زادن کا اور گردد مضارع گردیدن کا ہی نہ گشتن کا اور رسید
مضارع رسیدن کا ہی نہ رستن کا اور شنود مضارع شنودن کا ہی نہ

ترکیب اسم فاعل کے بنانے کی

جب چاہین کہ اسم فاعل بنائین تو نون ساکن اور دال مفتوح اور ہاے مختفی واحد امر حاضر کے آخر مین لے آوین اور حرف آخر امر کو مکسور کرین صیغہ واحد اسم فاعل کا بن جائیگا جیسے آور سے آورندہ اور جب جمع بنائین تو ہاے مختفی کو کاف فارسی سے بدل کے الف نون جمع کا آگے اوسکے بڑھاوین صیغہ جمع اسم فاعل کا بن جاویگا جیسے آورندہ سے آورندگان اور کبھی ہاے مختفی گرا کر لفظ ہا آخر مین بڑھاتے ہین جیسے آورندہ سے آورندہا

گردان اسم فاعل

صیغۂ فارسی		معنی ہندی	بیان صیغہ
آورندہ		لانے والا	صیغۂ واحد اسم فاعل
آورندگان	آورندہا	لانے والے	صیغۂ جمع اسم فاعل

ترکیب اسم مفعول کے بنانے کی

جب چاہین کہ اسم مفعول بناوین تو مفرد مین ہے مختفی آخر مین واحد ماضی مطلق معروف کے بڑھاوین جیسے آورد سے آوردہ اور جمع مین یہ ہا مختفی کاف فارسی سے بدل جاتی ہے اور الف نون جمع کا آگے اوسکے زیادہ کرتے ہین جیسے آوردہ سے آوردگان اور کبھی آخر مین واحد ماضی مطلق معروف کے لفظ ہا بڑھاتے ہین جیسا کہ اسم فاعل مین مذکور ہوا جیسے آورد سے آوردہا

گردان اسم مفعول

صیغۂ فارسی		معنی ہندی	بیان صیغہ
آوردہ		لایا گیا	صیغۂ واحد اسم مفعول
آوردگان	آوردہا	لائے گئے	صیغۂ جمع اسم مفعول

صیغون مین نون اور حاضر مجہول مین بھی واسطے واحد و جمع کے میم اور باقی صیغون مین
نون خواہ اول مین امر حاضر مجہول کے خواہ اول مین علامت مجہول کے لاوین اور
افصح یہی ہی جیسے آوردہ مشو آوردہ مشوید اور آوردہ نشود آوردہ نشوند الی آخرہ

گردان نہی معروف

صیغہ فارسی	ضمیر فارسی	معنی ہندی	ضمیر ہندی	بیان صیغہ
میار		مت لا	تو	صیغہ واحد نہی حاضر معروف
میار	ید	مت لاؤ	تم	صیغہ جمع نہی حاضر معروف
نیارد		نہ لائے	وہ	صیغہ واحد نہی غائب معروف
نیار	ند	نہ لائین	وی	صیغہ جمع نہی غائب معروف
نیار	م	نہ لاؤن	مین	صیغہ واحد نہی متکلم معروف
نیار	یم	نہ لاوین	ہم	صیغہ جمع نہی متکلم معروف

گردان نہی مجہول

صیغہ فارسی	ضمیر فارسی مع علامت	معنی ہندی	ضمیر ہندی	بیان صیغہ
میاوردہ	شو	مت لایا جا	تو	صیغہ واحد نہی حاضر مجہول
میاوردہ	شوید	مت لائے جاؤ	تم	صیغہ جمع نہی حاضر مجہول
نیاوردہ	شود	نہ لایا جائے	وہ	صیغہ واحد نہی غائب مجہول
نیاوردہ	شوند	نہ لائے جائین	وی	صیغہ جمع نہی غائب مجہول
نیاوردہ	شوم	نہ لایا جاؤن	مین	صیغہ واحد نہی متکلم مجہول
نیاوردہ	شویم	نہ لائے جائین	ہم	صیغہ جمع نہی متکلم مجہول

گردان امر معروف

صیغہ فارسی	ضمیر فارسی	معنی ہندی	ضمیر ہندی	بیان صیغہ
بیار		لا	تو	صیغہ واحد امر حاضر معروف
بیار	ید	لاؤ	تم	صیغہ جمع امر حاضر معروف
بیارد		لائے	وہ	صیغہ واحد امر غائب معروف
بیار	ند	لائین	وے	صیغہ جمع امر غائب معروف
بیار	م	لاؤن	مین	صیغہ واحد امر متکلم معروف
بیار	یم	لائین	ہم	صیغہ جمع امر متکلم معروف

گردان امر مجہول

صیغہ فارسی	ضمیر فارسی مع علامت	معنی ہندی	ضمیر ہندی	بیان صیغہ
بیاوردہ	شو	لایا جا	تو	صیغہ واحد امر حاضر مجہول
بیاوردہ	شوید	لائے جاؤ	تم	صیغہ جمع امر حاضر مجہول
بیاوردہ	شود	لایا جائے	وہ	صیغہ واحد امر غائب مجہول
بیاوردہ	شوند	لائے جائین	وے	صیغہ جمع امر غائب مجہول
بیاوردہ	شوم	لایا جاؤن	مین	صیغہ واحد امر متکلم مجہول
بیاوردہ	شویم	لائے جائین	ہم	صیغہ جمع امر متکلم مجہول

ترکیب نہی کے بنانے کی

جب چاہین کہ نہی بنائین تو حاضر معروف واحد اور جمع مین میم نہی کا مفتوح اول مین امر حاضر معروف کے لائین جیسا کہ بائے موحدہ امر مین لاتے ہین اور باقی

گردان مستقبل منفی مجہول

[illegible]	[illegible]	معنی ہندی	[illegible]	زمانہ	بیان صیغہ
نیاوردہ	خواہد شد	نلایا جاویگا	وہ	آگے	صیغۂ واحد غائب مستقبل منفی مجہول
نیاوردہ	خواہند شد	نلائے جاوینگے	وے	آگے	صیغۂ جمع غائب مستقبل منفی مجہول
نیاوردہ	خواہی شد	نلایا جاویگا	تو	آگے	صیغۂ واحد حاضر مستقبل منفی مجہول
نیاوردہ	خواہید شد	نلائے جاؤگے	تم	آگے	صیغۂ جمع حاضر مستقبل منفی مجہول
نیاوردہ	خواہم شد	نلایا جاؤن گا	مین	آگے	صیغۂ واحد متکلم مستقبل منفی مجہول
نیاوردہ	نخواہیم شد	نلائے جاوینگے	ہم	آگے	صیغۂ جمع متکلم مستقبل منفی مجہول

ترکیب امر کے بنانے کی

جب چاہین کہ امر بنائین تو صیغۂ واحد امر حاضر کے بنانے کی ترکیب یہ ہی کہ معروف مین مضارع واحد حاضر معروف کے آخر سے اور مجہول مین مضارع واحد حاضر مجہول کے آخر سے یاے خطاب گرا کر آخر کو ساکن کرین تو صیغۂ واحد امر حاضر کا بن جاویگا جیسے آوری سے آور آور آوردہ شوی سے آوردہ شو اور باقی اور صیغے بعینہ صیغے مضارع کے ہین لیکن واسطے فصاحت اور حسن کلام کے اول مین باے موحدہ بڑھائی جاتی ہی اگر مابعد اسکا حروف شفتی مین سے ہو یعنی بے پے میم واو یا اور کوئی حرف مضموم ہو تو اس باے موحدہ کو مضموم کرتے ہین جیسے بُبین بُپذیر بُمان بُور بُزا اور بکن بُسور وغیرہ والا مکسور جیسے بدہ بنشین وغیرہ اور یہ بھی معلوم ہو کہ جہان مابعد اس باے موحدہ کا الف مفتوح ہو خواہ ممدودہ خواہ غیر ممدودہ تو یہ الف اور ممدودہ کا الف اول یاے تحتانی سے بدل جاتا ہی جیسے بیا اور بیفزا اور معلوم رہے کہ آوردن سے مضارع جیساکہ آورد آیا ہی آرد بھی آیا ہی اسیطرح امر بھی بیاور اور بیار آتا ہی بلکہ افصح اور اکثر کلام مین یہی ہی اور بیاور کم اور یہ کہ باے موحدہ کا داخل ہونا اول مین خاص واسطے امر کے نہین بلکہ ماضی مضارع پر بھی لاتے ہین

جب مستقبل مثبت معروف کو مجہول بناوین گے تو صیغۂ ماضی مطلق مجہول کے بیچ مین خواہد کو لاوین گے جیسے آوردہ شد سے آوردہ خواہد شد او.

گردان

صیغۂ فارسی	ضمیر فارسی مع علامت	معنی ہندی
آوردہ	خواہد شد	لایا جاوے گا
آوردہ	خواہند شد	لائے جاوینگے
آوردہ	خواہی شد	لایا جاوے گا
آوردہ	خواہید شد	لائے جاؤگے
آوردہ	خواہم شد	لایا جاؤن گا
آوردہ	خواہیم شد	لائے جاوین گے

جب مستقبل مثبت معروف یا مجہول کو مستقبل …

گردان

ضمیر فارسی مع علامت	صیغۂ فارسی	معنی ہندی	
نخواہد	آورد	نہ لاوے گا	و
نخواہند	آورد	نہ لاوینگے	وا
نخواہی	آورد	نہ لاوے گا	تو
نخواہید	آورد	نہ لاؤگے	تم
نخواہم	آورد	نہ لاؤن گا	میں
نخواہیم	آورد	نہ لاوینگے	ہم

گردان حال منفی مجہول

صیغہ فارسی	صیغہ جانا فارسی	معنی ہندی	ضمیر ہندی	زمانہ	بیان صیغہ
نیاورده	می شود	نہین لایا جاتا ہی	وہ	اب	صیغۂ واحد غائب حال منفی مجہول
نیاورده	می شوند	نہین لائے جاتے ہین	وے	اب	صیغۂ جمع غائب حال منفی مجہول
نیاورده	می شوی	نہین لایا جاتا ہی	تو	اب	صیغۂ واحد حاضر حال منفی مجہول
نیاورده	می شوید	نہین لائے جاتے ہو	تم	اب	صیغۂ جمع حاضر حال منفی مجہول
نیاورده	می شوم	نہین لایا جاتا ہون	مین	اب	صیغۂ واحد متکلم حال منفی مجہول
نیاورده	می شویم	نہین لائے جاتے ہین	ہم	اب	صیغۂ جمع متکلم حال منفی مجہول

ترکیب مستقبل کے بنانے کی

جب مستقبل مثبت معروف بنائین گے تو خواہد جو علامت مستقبل کی ہی ماضی مطلق مثبت معروف کے اول مین لا دینگے جیسے آورد سے خواہد آورد اور لفظ خواہد موافق ہر ضمیر کے بدلتا چلا جائے گا

گردان مستقبل مثبت معروف

ضمیر فارسی	صیغہ فارسی	معنی ہندی	ضمیر ہندی	زمانہ	بیان صیغہ
خواہد	آورد	لاویگا	وہ	آگے	صیغۂ واحد غائب مستقبل مثبت معروف
خواہند	آورد	لاوینگے	وے	آگے	صیغۂ جمع غائب مستقبل مثبت معروف
خواہی	آورد	لاویگا	تو	آگے	صیغۂ واحد حاضر مستقبل مثبت معروف
خواہید	آورد	لاؤگے	تم	آگے	صیغۂ جمع حاضر مستقبل مثبت معروف
خواہم	آورد	لاؤنگا	مین	آگے	صیغۂ واحد متکلم مستقبل مثبت معروف
خواہیم	آورد	لاوینگے	ہم	آگے	صیغۂ جمع متکلم مستقبل مثبت معروف

گردان حال مثبت مجہول

صیغہ فارسی	ضمیر فارسی بیچ حالت	معنی ہندی	ضمیر ہندی	زمانہ	بیان صیغہ
آوردہ	می شود	لایا جاتا ہے	وہ	اب	صیغۂ واحد غائب حال مثبت مجہول
آوردہ	می شوند	لائے جاتے ہین	وے	اب	صیغۂ جمع غائب حال مثبت مجہول
آوردہ	می شوی	لایا جاتا ہے	تو	اب	صیغۂ واحد حاضر حال مثبت مجہول
آوردہ	می شوید	لائے جاتے ہو	تم	اب	صیغۂ جمع حاضر حال مثبت مجہول
آوردہ	می شوم	لایا جاتا ہون	مین	اب	صیغۂ واحد متکلم حال مثبت مجہول
آوردہ	می شویم	لائے جاتے ہین	ہم	اب	صیغۂ جمع متکلم حال مثبت مجہول

جب حال مثبت معروف یا مجہول کو منفی بنادین گے تو نون نفی کا اول مین لاوین گے جیسے مے آورد سے نے آورد اور آوردہ مے شود سے نیاوردہ مے شود

گردان حال منفی معروف

صیغہ فارسی بیچ حالت	ضمیر فارسی	معنی ہندی	ضمیر ہندی	زمانہ	بیان صیغہ
نمی آورد		نہین لاتا ہے	وہ	اب	صیغۂ واحد غائب حال منفی معروف
نمی آور	ند	نہین لاتے ہین	وے	اب	صیغۂ جمع غائب حال منفی معروف
نمی آور	ی	نہین لاتا ہے	تو	اب	صیغۂ واحد حاضر حال منفی معروف
نمی آور	ید	نہین لاتے ہو	تم	اب	صیغۂ جمع حاضر حال منفی معروف
نمی آور	م	نہین لاتا ہون	مین	اب	صیغۂ واحد متکلم حال منفی معروف
نمی آور	یم	نہین لاتے ہین	ہم	اب	صیغۂ جمع متکلم حال منفی معروف

گردان مضارع منفی مجہول

صیغہ فارسی	علامت صیغہ فارسی	معنی اردو	ضمیر اردو	زمانہ	بیان صیغہ
نیاوردہ	شود	نہ لایا جاوے	وہ	اب اور آگے	صیغہ واحد غائب مضارع منفی مجہول
نیاوردہ	شوند	نہ لائے جاوین	وی	اب اور آگے	صیغہ جمع غائب مضارع منفی مجہول
نیاوردہ	شوی	نہ لایا جاوے	تو	اب اور آگے	صیغہ واحد حاضر مضارع منفی مجہول
نیاوردہ	شوید	نہ لائے جاؤ	تم	اب اور آگے	صیغہ جمع حاضر مضارع منفی مجہول
نیاوردہ	شوم	نہ لایا جاؤن	مین	اب اور آگے	صیغہ واحد متکلم مضارع منفی مجہول
نیاوردہ	شویم	نہ لائے جاوین	ہم	اب اور آگے	صیغہ جمع متکلم مضارع منفی مجہول

ترکیب حال کے بنانے کی

جب چاہین کہ صیغہ حال کا بناوین تو معروف مین میم اور یاے مجہول کہ حال کی علامت ہی مضارع مثبت معروف کے اول مین لاوین اور مجہول مین یہی لفظ اسے لفظ شود پر کہ علامت مجہول کی ہی زیادہ کرین جیسے آورد سے می آورد اور آوردہ شود سے آوردہ می شود

گردان حال مثبت معروف

صیغہ فارسی	ضمیر فارسی	معنی اردو	ضمیر اردو	زمانہ	بیان صیغہ
می آورد		لاتا ہی	وہ	اب	صیغہ واحد غائب حال مثبت معروف
می آور	ند	لاتے ہین	وی	اب	صیغہ جمع غائب حال مثبت معروف
می آور	ی	لاتا ہی	تو	اب	صیغہ واحد حاضر حال مثبت معروف
می آور	ید	لاتے ہو	تم	اب	صیغہ جمع حاضر حال مثبت معروف
می آور	م	لاتا ہون	مین	اب	صیغہ واحد متکلم حال مثبت معروف
می آور	یم	لاتے ہین	ہم	اب	صیغہ جمع متکلم حال مثبت معروف

گردان مضارع مثبت مجهول

	ضمیر فارسی مع علامت	معنی ہندی	ضمیر ہندی	زمانہ	بیان صیغہ
ده	شود	لایا جاوے	وہ	اب اور آگے	صیغۂ واحد غائب مضارع مثبت مجهول
رده	شوند	لائے جاوین	وی	اب اور آگے	صیغۂ جمع غائب مضارع مثبت مجهول
رده	شوی	لایا جاوے	تو	اب اور آگے	صیغۂ واحد حاضر مضارع مثبت مجهول
ورده	شوید	لائے جاؤ	تم	اب اور آگے	صیغۂ جمع حاضر مضارع مثبت مجهول
آورده	شوم	لایا جاؤن	مین	اب اور آگے	صیغۂ واحد متکلم مضارع مثبت مجهول
آورده	شویم	لائے جاوین	ہم	اب اور آگے	صیغۂ جمع متکلم مضارع مثبت مجهول

جب مضارع مثبت معروف یا مجهول کو مضارع منفی معروف یا مجهو ل بناوین گے تو نون نفی کا موافق قاعدۂ مذکور کے اول مین لاوین گے

گردان مضارع منفی معروف

صیغۂ فارسی	ضمیر فارسی	معنی ہندی	ضمیر ہندی	زمانہ	بیان صیعہ
نیاورد		نہ لاوے	وہ	اب اور آگے	صیغۂ واحد غائب مضارع منفی معروف
نیاور	ند	نہ لاوین	وی	اب اور آگے	صیغۂ جمع غائب مضارع منفی معروف
نیاور	ی	نہ لاوے	تو	اب اور آگے	صیغۂ واحد حاضر مضارع منفی معروف
نیاور	ید	نہ لاؤ	تم	اب اور آگے	صیغۂ جمع حاضر مضارع منفی معروف
نیاور	م	نہ لاؤن	مین	اب اور آگے	صیغۂ واحد متکلم مضارع منفی معروف
نیاور	یم	نہ لاوین	ہم	اب اور آگے	صیغۂ جمع متکلم مضارع منفی معروف

مصدر کے واو ہو تو مضارع مین کہین وہ الف سے بدل جاتا ہی اور ماقبل مفتوح کیا جاتا ہی اور یائے تحتانی بعد الف کے واسطے ربط کے بڑھائی جاتی ہی جیسے افزودن سے افزاید اور کہین صرف واو متحرک کیجاتی ہی جیسے بودن سے بود اور باشد کو بھی مضارع بودن کا ٹھہرایا ہی اور اگر ماقبل علامت مصدر کے یائے تحتانی ہو تو مضارع مین کہین وہ واو سے بدل جاتی ہی اور ماقبل مفتوح کیا جاتا ہی جیسے شنیدن سے شنود اور کہین گرجاتی ہی جیسے کشیدن سے کشد اور کہین بحال رہتی ہی اور نون آگے اوسکے بڑھاتے ہین جیسے چیدن سے چیند اور دیدن سے بیند خلاف قیاس ہی

گردان مضارع مثبت معروف

صیغہ فارسی	ضمیر فارسی	معنی ہندی	ضمیر ہندی	زمانہ	بیان صیغہ
آورد		لاوے	وہ	اب اور آگے	صیغہ واحد غائب مضارع مثبت معروف
آور	ند	لاوین	وی	اب اور آگے	صیغہ جمع غائب مضارع مثبت معروف
آور	ی	لاوے	تو	اب اور آگے	صیغہ واحد حاضر مضارع مثبت معروف
آور	ید	لاؤ	تم	اب اور آگے	صیغہ جمع حاضر مضارع مثبت معروف
آور	م	لاؤن	مین	اب اور آگے	صیغہ واحد متکلم مضارع مثبت معروف
آور	یم	لاوین	ہم	اب اور آگے	صیغہ جمع متکلم مضارع مثبت معروف

جب مضارع معروف کو مجہول بناوین گے تو واسطے صیغہ واحد غائب کے ہائے مختفی اور شود اور واسطے جمع غائب کے شوند اور واسطے واحد حاضر کے شوی اور واسطے جمع حاضر کے شوید اور واسطے واحد متکلم کے شوم اور واسطے جمع متکلم کے شویم آخر مین ماضی مطلق مثبت معروف کے لاوین گے

نون سے بدل جاتا ہے جیسے شکستن سے شکند اور کہین ماقبل نون کے یاے معروف زیادہ کرتے ہین
جیسے نشستن سے نشیند اور کہین آگے نون کے دال مہملہ بڑھاتے ہین جیسے بستن سے بندد اور کہین لام
سے بدل جاتا ہے جیسے گسستن سے گسلد اور کہین یاے تحتانی سے بدل جاتا ہے جیسے آرستن سے آراید
اور کہین گرا دیا جاتا ہے جیسے دانستن سے داند اور کہین مع ایک حرف ماقبل کے گرا دیا جاتا ہے جیسے نگریستن
سے نگرد اور اگر ماقبل علامت مصدر کے **شین معجمہ** ہو تو مضارع مین کہین وہ سین مہملہ سے بدل جاتا
ہے اور یاے معروف ماقبل اوسکے واسطے اظہار کسرے کے بڑھائی جاتی ہے جیسے نوشتن سے نویسد
اور کہین راے مہملہ سے بدل جاتا ہے جیسے گذاشتن سے گذارد اور کہین بعد راے مہملہ کے دال مہملہ بھی زیادہ
کیجاتی ہے جیسے گشتن سے گردد اور کہین لام سے بدل جاتا ہے جیسے ہشتن سے ہلد اور کہین بحال رہتا ہے جیسے
کشتن سے کشد اور کہین آگے شین کے واو بڑھاتے ہین اور ماقبل مفتوح کرتے ہین بمناسبت فتحے واو کے
جیسے شدن سے شود اور اگر ماقبل علامت مصدر کے حرف **فا** ہو تو مضارع مین کہین وہ فے باے موحدہ سے
بدل جاتی ہے جیسے کوفتن سے کوبد اور کہین ماقبل بے کے نون مخفف بھی بڑھاتے ہین جیسے سفتن سے
سنبد اور کہین علامت مصدری سے فقط نون گرا کر دال علامت مضارع کی آخر مین لاحق کر دیتے
ہین جیسے خفتن سے خفتد لیکن سواے صیغۂ واحد غائب کے اور صیغے بسبب اشتباہ کے ساتھ صیغون ماضی کے
نہین آتے اور کہین واو سے بدل جاتی ہے جیسے رفتن سے رود اور کہین یاے تحتانی بعد واو کے بڑھاتے
ہین جیسے گفتن سے گوید اور کہین فے گر جاتی ہے جیسے پذیرفتن سے پذیرد اور کہین فے بحال رہتی ہے
جیسے کافتن سے کافد اور کہین فے گرا کر یاے معروف درمیان حرف اول اور ثانی کے واسطے اظہار
کسرۂ حرف اول کے بڑھاتے ہین جیسے گرفتن سے گیرد اور اگر ماقبل علامت مصدر کے **میم** پایا جائے
اور وہ ایک مصدر ہے تو مضارع مین یاے تحتانی سے بدل جاتا ہے جیسے آمدن سے آید اور اگر ماقبل علامت
مصدر کے **نون** پایا جائے تو مضارع مین متحرک ہو جاتا ہے جیسے ماندن سے ماند اور اگر ماقبل علامت

دوسری فصل مضارع وغیرہ کے بیان مین

جاننا چاہیے کہ مضارع کو بناتے ہین مصدر سے بعد دور کرنے علامت مصدر کے اور بڑھانے دال ما قبل مفتوح کے آخر مفرد غائب معروف مین اور نون و دال جمع غائب مین اور یاے معروف واحد حاضر مین اور یاے مجہول و دال جمع حاضر مین اور میم واحد متکلم مین اور یاے مجہول و میم جمع متکلم مین ساتھہ تغیر حروف مصدر اور حرکات کے وہ اسطرح کہ اگر ماقبل علامت مصدر کے **الف** پایا جائے تو مضارع مین کہین وہ ہاے ہوز سے بدل جاتا ہی اور ماقبل مکسور کیا جاتا ہی جیسا کہ دادن سے دہد اور کہین گرایا جاتا ہی جیسے اوفتادن سے اوفتد اور کہین بحال رہتا ہی اور یاے تحتانی آگے اوسکے بڑھاتے ہین جیسے کشادن سے کشاید اور اگر ماقبل علامت مصدر کے **خاے معجمہ** پائی جائے تو مضارع مین کہین وہ زاے معجمہ سے بدل جاتی ہی جیسے ساختن سے سازد اور کہین سین مہملہ سے بدل جاتی ہی جیسے شناختن سے شناسد اور کہین شین معجمہ سے بدل جاتی ہی جیسے فروختن سے فروشد اور اگر ماقبل علامت مصدر کے راے مہملہ پائی جائے تو مضارع مین کہین وہ نون سے بدل جاتی ہی اور ماقبل مضموم کیا جاتا ہی جیسے کردن سے کند اور کہین بحال رہتی ہی جیسے آوردن سے آورد اور کہین ضمہ ماقبل کو ساتھہ فتحے کے مبدل کیا ہی جیسے بردن سے بَرَد اور کہین یاے تحتانی ماقبل رے کے زیادہ کیجاتی ہی اور بمناسبت یے کے ماقبل مکسور کیا جاتا ہی جیسے مردن سے میرد اور اگر ماقبل علامت مصدر کے **زاے معجمہ** ہو تو مضارع مین آگے زے کے نون بڑھاتے ہین جیسے زدن سے زند اور یہین یہی صیغہ آیا ہی اور اگر ماقبل علامت مصدر کے **سین مہملہ** پایا جائے تو مضارع مین کہین وہ ہاے ہوز سے بدل جاتا ہی جیسے خواستن سے خواہد اور کہین ماقبل بھی مکسور کیا جاتا ہی جیسے جستن سے جہد اور کہین یاے تحتانی سے بدل جاتا ہی اور واو مجہول ماقبل بڑھایا جاتا ہی جیسے جُستن سے جوید اور کہین زاے معجمہ سے بدل جاتا ہی اور ماقبل اوسکے الف کو یاے مجہول سے بدل دیتے ہین جیسے خاستن سے خیزد اور کہین

گردان ماضی شکی منفی معروف

صیغہ فارسی	ضمیر فارسی مع علامت	معنی ہندی	ضمیر ہندی	زمانہ	بیان صیغہ
نیاوردہ	باشد	نہ لایا ہو	وہ	گذرے ہوے زمانے مین	صیغۂ واحد غائب ماضی شکی منفی معروف
نیاوردہ	باشند	نہ لائے ہون	وے	گذرے ہوے زمانے مین	صیغۂ جمع غائب ماضی شکی منفی معروف
نیاوردہ	باشی	نہ لایا ہو	تو	گذرے ہوے زمانے مین	صیغۂ واحد حاضر ماضی شکی منفی معروف
نیاوردہ	باشید	نہ لائے ہو	تم	گذرے ہوے زمانے مین	صیغۂ جمع حاضر ماضی شکی منفی معروف
نیاوردہ	باشم	نہ لایا ہون	مین	گذرے ہوے زمانے مین	صیغۂ واحد متکلم ماضی شکی منفی معروف
نیاوردہ	باشیم	نہ لائے ہون	ہم	گذرے ہوے زمانے مین	صیغۂ جمع متکلم ماضی شکی منفی معروف

گردان ماضی شکی منفی مجہول

صیغہ فارسی	ضمیر فارسی مع علامت	معنی ہندی	ضمیر ہندی	زمانہ	بیان صیغہ
